प्रो:- शेख मोहम्मद ज़ाहेद मोहम्मद नासेर
मो नं:- 9665824407
चॉईस मेडिकल & जनरल स्टोर्स
چوائس میڈیکل اینڈ جنرل اسٹورس
मानसी मॉल जवळ, बलभीम चौक बीड
مانسی مال کے قریب، بلبھیم چوک بیڈ

SINCE : 2001 INFUSING POSITIVE VALUES
25 YEARS
TAMIR - E - SIASAT
تعمیر سیاست

QUAZI MAKHDOOM
(Managing Director)
9270574444
8999387277
tamirexport@gmail.com
حلال پروڈکٹس
Tameer Exports
Only for HALAL Products
Office: Bashir Gunj, Beed.431122 (MS)
Vegetables, Fruits, Rice, Sugar, Pulses
www.tameerexports.com
Member: IES, APEDA, MSME, FSSAI

Editor in chief :Quazi Makhdoom 9270574444
Tameerurdu@gmail.com
ایڈیٹران چیف:قاضی مخدوم
RNI.NO.MAHURD/2017/72712 / Vol:08 / Issue : 18 Saturday 18th January 2025 / Rs.2 / Pages: 4 / www.dailytameer.com
جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۱۸ رمورخہ، ۱۸ رجنوری ۲۰۲۵ء، بروز سنیچر، ۱۸ ررجب المرجب ۱۴۴۶ھ، قیمت ۲ روپے، صفحات: ۴

بیڑ میں دھنجے منڈے کے غنڈوں کی ٹولیاں ختم کی جائیں: جرانگے

سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں مساجوگ گاؤں کے باشندوں کا احتجاج رنگ لایا اور قتل میں شامل ایک فرد کو چھوڑ کر تمام کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ریاستی وزیر دھنجے منڈے کا قریبی سمجھا جانے والا والمیک کراڈ بھی جیل میں ہے اور اس پر بھی مکوکا عائد کردیا گیا ہے۔ اس کی وجہ سے بیڑ میں والمیک کے حامیوں نے احتجاج بھی کیا۔ اب مراٹھا کارکن منوج جرنگے نے مطالبہ کیا ہے کہ بیڑ میں موجود غنڈوں کی ان ٹولیوں کو ختم کیا جائے جنہیں دھنجے منڈے نے قائم کیا ہے اور جو ضلع میں دہشت اور نسل پرستی کو فروغ دے رہی ہیں۔

غنڈوں کی ٹولی ختم کی جائے: یاد رہے کہ ایک روز قبل والمیک کراڈ پر مکوکا عائد ہوتے ہی اس کے گاؤں میں احتجاج شروع ہوگیا۔ احتجاج میں خود اس کی بیوی شریک ہوئی۔ والمیک کے حامیوں نے سڑک پر ٹائر جلائے، اور نعرے لگائے۔ اسی پس منظر میں منوج جرنگے کا کہنا ہے کہ ''بیڑ میں نظم ونسق خراب نہ ہو اس بات کو یقینی بنانے کی ذمہ داری وزیر اعلیٰ دیویندر فرنویس اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی ہے۔ دھنجے منڈے نے یہاں غنڈوں کی ٹولیاں قائم کر رکھی ہیں۔ یہ لوگ اب پولیس کو دھمکیاں دے رہے ہیں۔'' انہوں نے کہا ''دھنجے منڈے غالباً اسی لئے بیڑ آئے ہوئے ہیں۔ انہیں یہاں فساد پھیلانا ہے اور معاملے کو ذات پات کا رنگ دینا ہے۔ وزیر اعلیٰ کو چاہئے کہ وہ انہیں روکیں۔'' منوج جرنگے نے کہا ''دھنجے منڈے کو نظم ونسق برقرار نہیں رکھنا ہے۔ عدالت کے سامنے یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ کی عائد کردہ حکم امتناعی اب کہاں ہے؟ اس پورے معاملے میں دھنجے منڈے نے پردے کے پیچھے رہ کر پورا کھیل رچایا ہے۔ انہیں ضلع میں ذات پات کی تفریق پھیلانی ہے۔ **پنکجا منڈے کو کوئی لینا دینا نہیں**؟ اس دوران دھنجے منڈے کی (چچا زاد) بہن اور ریاستی وزیر پنکجا منڈے نے اس بات سے لا علمی ظاہر کی ہے کہ بیڑ میں کیا کچھ ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا ہے ''بیڑ میں کیا ہو رہا ہے اس تعلق سے مجھے کچھ نہیں معلوم ہے۔ میں روزانہ اپنے معمول کے مطابق کام کرتی ہوں۔ اس لئے مجھے ان ساری باتوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔'' جب میڈیا نے پنکجا کی توجہ اس جانب مبذول کروائی کہ بیڑ میں احتجاج ہو رہا ہے اور حالات بگڑنے کا بھی خدشہ ہے تو انہوں نے جواب دیا ''میں اس تعلق سے وزیر داخلہ سے مل کر گفتگو کروں گی۔ حالات کو بگڑنے سے روکنے کیلئے کیا راستہ اختیار کیا جائے اس تعلق سے غور وخوض کیا جائے گا۔ **دھننجے منڈے، والمیک کراڈ کے دفتر پھنچے**: ریاستی وزیر دھنجے منڈے جمعرات کو بیڑ پہنچے جہاں انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب پرلی میں والمیک کراڈ کے دفتر میں بیٹھ کر لوگوں سے ملاقات کی۔ جی ہاں، والمیک کراڈ کو جو دفتر ہے وہ دراصل دھنجے منڈے کا اپنا دفتر ہے۔ ان کی جگہ یہاں والمیک کراڈ بیٹھا کرتا تھا اور منڈے کی طرف سے حلقے کے سارے کام کاج دیکھا کرتا تھا۔ والمیک کراڈ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ منڈے نے اس کے جیل میں جانے پر اپنے دفتر میں کراڈ کی جگہ کسی اور کو بٹھانے کے بجائے خود بیٹھنا مناسب سمجھا۔ خود ہی سارا کام کاج سنبھالا۔ انہوں نے خود اسکی اطلاع اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر تصاویر شیئر کرکے دی۔ اطلاع تھی کہ دھنجے منڈے بیڑ خاص طور پر والمیک کراڈ کے اہل خانہ سے ملاقات کی غرض سے آئے تھے۔ وہ والمیک کے گھر جا کر اس کی بیوی اور گھر کے دیگر افراد سے ملاقات کرنے والے تھے لیکن خبر لکھے جانے تک اس طرح کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ البتہ بیڑ سے این سی پی (شرد) کے رکن پارلیمان بجرنگ سوناؤنے نے اس تعلق سے دھنجے منڈے اور پنکجا منڈے دونوں ہی کو نشانہ بنایا ہے۔

سنتوش دیشمکھ کے اہل خانہ سے ملنے کیوں نہیں گئے؟: این سی پی (شرد) کے رکن پارلیمان بجرنگ سوناؤنے کا کہنا ہے کہ ''لوگ کہہ رہے ہیں کہ دھنجے منڈے والمیک کراڈ کے اہل خانہ سے ملنے گئے تھے۔ اب اس میں کتنی سچائی ہے یہ مجھے نہیں معلوم۔ وہ گئے تھے یا نہیں

سیف علی خان حملہ کیس: ایک مشتبہ شخص پولیس حراست میں

پولس کسٹڈی میں پوچھ تاچھ جاری، سیکوریٹی کو لے کر خدشات

ممبئی 17 / جنوری (عزیز اعجاز) بالی ووڈ کے نواب سیف علی خان پر حملے کے معاملے میں پولیس نے مشتبہ شخص کو پوچھ تاچھ کے لیے حراست میں لے کر مزید پوچھ تاچھ کے لیے باندرہ پولیس اسٹیشن لایا گیا۔ اس سے قبل آج ممبئی پولیس نے کہا تھا کہ انہوں نے سیف علی خان کی کمر سے نکالے گئے بلیڈ کے ایک حصے کو اپنے قبضے میں لے لیا ہے جب کہ باقی حصے کی بازیابی کی کوششیں جاری ہیں۔ ممبئی پولیس نے یہ بھی کہا کہ بالی ووڈ اداکار سیف علی خان پر حملے میں ملوث ملزم کو آخری بار باندرہ ریلوے اسٹیشن کے قریب دیکھا گیا تھا اور اس کی تلاش جاری ہے۔ پولیس کو شبہ ہے کہ واقعہ کے بعد مشتبہ شخص نے صبح پہلی لوکل ٹرین پکڑی اور وسئی ویرار کی طرف روانہ ہوا۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ ممبئی پولیس کی ٹیمیں وسئی، نالاسوپارہ اور ویرار کے علاقوں میں اسے تلاش کر رہی ہے۔ یاد رہے بالی ووڈ اداکار سیف علی خان پر

گزشتہ شب تقریباً 2:30 بجے ان کے 11 / ویں منزل کے باندرہ فلیٹ میں ایک مشتبہ شخص نے چاقو سے حملہ کردیا تھا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب گھر میں گھسنے والے شخص کو مبینہ طور پر اداکار کی ملازمہ سے نے ان کی رہائش گاہ میں دیکھ لیا۔ سیف نے اس میں مداخلت کرنے اور صورتحال کو قابو میں کرنے کی کوشش کی، لیکن یہ ایک پرتشدد جھگڑے کی شکل اختیار کر گیا، جس کے نتیجے میں اداکار کو چاقو کے کئی زخم آئے۔ حملہ کے بعد سیف کو فوری طور پر ممبئی کے لیلاوتی اسپتال لے جایا گیا۔ وہاں ڈاکٹروں کی ٹیم کی نگرانی میں ان کی سرجری ہوئی۔ ڈاکٹروں کے مطابق، سیف کی ریڑھ کی ہڈی میں چھری لگنے کی وجہ سے شدید چوٹ آئی ہے، اور اداکار کی ریڑھ کی ہڈی سے 5.2 انچ لمبا چاقو نکالنے اور اس کے ایک ہونے والے اسپائنل فلوئڈ کی مرمت کے لیے سرجری کی گئی۔ جبکہ سیف کی حالت خطرے سے باہر ہے، ڈاکٹر ان کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ سرجری کے بعد انہیں آئی سی یو میں منتقل کردیا گیا تھا۔ جہاں وہ اس وقت صحت یاب ہو رہے ہیں۔ ممبئی پولیس نے اداکار پر حملے کے حوالے سے ایف آئی آر درج کرلی ہے اور شکایت کنندہ (سیف کی ملازمہ) کا بیان ریکارڈ کیا ہے۔ شکایت میں الزام لگایا گیا ہے کہ حملہ آور نے اہل خانہ سے ایک کروڑ روپے کا مطالبہ کیا۔ شکایت کنندہ کے مطابق گھسنے والے نے نوکرانی پر مبینہ طور پر ہیکسا بلیڈ سے حملہ کیا۔ ریکارڈ شدہ بیان میں، ملازمہ نے بتایا کہ یہ واقعہ 16 / جنوری کی شب 2 بجے پیش آیا۔

فلسطین اسرائیل جنگ بندی پر سنی بلال مسجد دوٹانکی ممبئی سمیت ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا

ممبئی: فلسطینیوں نے ثابت کردیا کہ بغیر قربانی دیئے فتح و کامرانی نہیں مل سکتی یہی جذبہ ایک دن بیت المقدس کی آزادی کا ضامن ہوگا حضرت معین میاں صاحب امت مسلمہ فلسطینی بھائیوں کی ہر ممکن مدد کرکے انہیں یقین دلائے کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں الحاج محمد سعید نوری پریس ریلیز ممبئی فلسطین اسرائیل جنگ بندی کو لیکر جہاں امن پسند دنیا خوشی کا اظہار کررہی ہے وہیں امت مسلمہ نے بھی اپنے فلسطینی بھائیوں سے اظہار یک جہتی پیش کرتے ہوئے اس جنگ بندی کا نہ صرف خیر مقدم کیا بلکہ اہل فلسطین پر اللہ کے فضل وکرم کی بارش پر آج جمعہ کو یوم تشکر منایا اور جگہ جگہ مساجد ومدارس میں علماء کرام وعوام نے اپنے رب کے حضور سجدہ ریز ہوکر شہدائے فلسطین کو یاد کیا اور ان کے حق میں دعائیں کی یاد رہے کہ قطر ومصر کی ثالثی میں امریکی صدر نے پندرہ ماہ کی طویل جنگ کے بعد جنگ کے خاتمے کا اعلان کیا جس کا نفاذ 19 جنوری سے ہوگا جس میں کئی معائدے ہیں اس جنگ بندی پر گزشتہ روز رضا اکیڈمی نے خیر مقدم کیا اور جمعہ کو یوم تشکر منانے کی اپیل جاری کی تھی اس سلسلے میں آج ممبئی کی مشہور سنی بلال مسجد دوٹانکی میں معین المشائخ حضرت علامہ سید معین الدین اشرف اشرفی الجیلانی صاحب سجادہ درگاہ مخدوم سمناں

کچھوچھہ شریف وقومی صدر آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء کی سرپرستی میں دعائیہ تقریب منعقد ہوئی حضرت معین المشائخ نے اس موقع پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آخر کار جدید ہتھیاروں سے لیس امریکی تعاون سے نہتے فلسطینوں پر بم برسانے والے اسرائیل کا غرور خاک میں مل گیا اور اسے بڑی شرمندگی کے ساتھ یہ معاہدہ کرنا پڑا جس کا مطلب صاف ہے کہ اگر ایمان وعمل پختہ ہو تو دنیا کے سپر پاور کو بھی زیر کیا جاسکتا ہے یہ جذبہ واحساس دلایا ہے اہل فلسطین نے ہردن اپنے آل واولاد کا لاشہ اٹھا کر بھی فلسطینی بھائیوں کے چہروں پر شکن نہیں آیا اور نہ ہی انہوں نے دنیا سے شکوہ کئے وہ بھوکے پیاسے رہکر بھی رب کی رضا پر راضی رہے یہ دکھایا ہے میرے فلسطین کے جیالے مسلمانوں نے حضرت معین میاں نے مزید کہا کہ یہ جنگ بندی مستقل ہو اور لولی لنگڑی اقوام متحدہ فلسطین کو آزادی دلائے غاصب اسرائیل کو کسی بھی صورت میں تسلیم نہ کرے اور فلسطین میں موجود فوجیوں کی مکمل انخلا ہوتا کہ فلسطینی بھائی کھل کر آزادی کی سانس لیں آل انڈیا سنی جمعیۃ العلماء کے قومی صدر حضرت معین المشائخ نے آخر میں مسلم سربراہان مملکت سے اپیل کی ہے کہ یہ وقت قبلہ اول بیت المقدس کی آزادی کیلئے جدوجہد کا ہے اس لیے فلسطینی کاز کے ساتھ اولین مقصد ہمارا یہ ہو کہ قبلہ اول بیت المقدس کو یہودیت سے آزاد کرایا جائے اگر اتنی قربانیوں کے بعد بھی فلسطینیوں سے آپ کو محبت نہیں تو گویا کہ آپ نے اسرائیل سے قبلہ اول کا سودا کرلیا ہے جس کیلئے آپ سبھی مسلم سربراہان مملکت کو ایک نہ ایک دن بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی اور وہ دن دور نہیں کہ تمہارا حشر بھی شام کے بشار الاسد جیسا ہو اس لئے آپ سب سے اپیل ہے کہ وقت سے پہلے قبلہ اول بیت المقدس کی آزادی کیلئے اٹھ کھڑے ہوں رضا اکیڈمی جس نے آج یوم تشکر منانے کا اعلان کیا تھا مذکورہ تنظیم کے سربراہ قائد ملت الحاج محمد سعید نوری صاحب نے کہا کہ یہ ایمان والوں کی جیت ہے اور باطل کی ہار یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیا گیا انعام ہے جو مستقبل میں اہل فلسطین کے عزم و استقلال کو بلند کرے گا حضرت نوری صاحب نے مزید کہا کہ اب جبکہ غزہ ورفح کھنڈرات میں تبدیل ہوگئے ہیں اشیاء خورد ونوش کی فراہمی کا سلسلہ شروع ہونے والا ہے تو ہمیں چاہیے کہ ہم ہر ممکن اقدامات اپنے جیالے فلسطینی بھائیوں کے لیے کریں اہل فلسطین نے پندرہ ماہ جو تکالیف ومصائب برداشت کئے ہیں اپنے رہنماؤں کی شہادتیں پیش کی ہیں تاریخ ہمیشہ ان کے ایمان ویقین کی گواہی دے گی اور آنے والی نسلوں میں شہادت کا جذبہ موجیں مارے گا اس لئے ضرورت ہے کہ روتے بلکتے بچوں ماؤں کا خیال کرتے ہوئے فلسطین سے اپنی محبت کا اظہار کریں اس موقع پر حضرت امان ملت علامہ امان اللہ رضا سمیت کثیر تعداد میں علماء ومقتدی حضرات موجود تھے

دو بھائیوں کا قتل، سات ملزمان پولیس کی حراست میں

آشٹی: (جاوید پٹھان) (جمعرات کی رات تقریباً 10 بجے واہیرا میں تین بھائیوں پر ان کے سماج کے کچھ لوگوں نے لوہے کی راڈ اور تیز دھار ہتھیاروں سے حملہ کردیا۔ اس حملے میں دو بھائی موقع پر ہی ہلاک ہوگئے، جبکہ ایک بھائی شدید زخمی ہوگیا۔ یہ واقعہ امبھورا پولیس اسٹیشن کے حدود میں پیش آیا۔ مرنے والوں کی شناخت اجے ولاس بھوسلے اور بھرت ولاس بھوسلے کے طور پر ہوئی ہے، جبکہ زخمی بھائی کرشنا ولاس بھوسلے ہے جس کا علاج اہلیہ نگر میں جاری ہے۔ آشٹی تعلقہ کے ہاتولن گاؤں سے اجے، بھرت اور کرشنا بھوسلے واہیرا آئے تھے۔ یہ واقعہ رات تقریباً ساڑھے نو سے دس بجے کے درمیان پیش آیا جب کچھ لوگوں نے ان پر حملہ کیا۔ پولیس نے اس معاملے میں سات مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے، لیکن قتل کی وجہ ابھی تک واضح نہیں ہوسکی۔ مرنے والوں کی لاشیں آشٹی کے دیہی اسپتال میں رکھی گئی ہیں۔ واقعے کے بعد امبھورا پولیس اسٹیشن کے افسران اور دیگر اہلکاروں نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور ملزمان کو حراست میں لے لیا۔--- امباجوگائی میں دن دہاڑے فائرنگ امباجوگائی شہر کے ماولی نگر میں دن دہاڑے فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ پنگلے رہاؤس کے رہائشی سدھیشور نویناتھ قدم پر کھڑکی سے گولی چلائی گئی، لیکن وہ محفوظ رہے۔ یہ واقعہ صبح 11 بجے پیش آیا جب سدھیشور کا رشتہ دار، گنیش پندت چوہان، اس کے گھر آیا اور بیک سے ریوالور نکال کر فائر کردیا۔ سدھیشور نے جلدی سے چھپ کر اپنی جان بچائی۔ گولی دیوار سے ٹکرائی، اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور ملزم کی تلاش میں ٹیم روانہ کردی گئی۔ ملزم کے پاس اسلحہ کا لائسنس تھا یا نہیں، یہ تحقیقات کے بعد سامنے آئے گا۔--- تاجر پر حملہ اور لوٹ مار کے ملزمان گرفتار امباجوگائی۔ نمائندہ ہیپر پولیس سپرنٹنڈنٹ نوینت کانوت کے عہدہ سنبھالنے کے بعد جرائم پر سختی سے قابو پایا جارہا ہے۔ اسی دوران امباجوگائی میں ایک تاجر، سوجیت سونی، پر حملہ اور لوٹ مار کا واقعہ پیش آیا۔ اس واقعے کے بعد مقامی کرائم برانچ اور پولیس ٹیم نے تحقیقات شروع کیں اور ملزم انیکیت مہادیو مگارکو گرفتار کیا۔ پوچھ گچھ میں اس نے جرم قبول کیا اور بتایا کہ اس نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر یہ واردات انجام دی تھی۔ پولیس نے ملزمان سے 10,000 روپے مالیت کا موبائل، 53,760 روپے کی ایک سونے کی انگوٹھی، اور جرم میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ یہ کارروائی پولیس سپرنٹنڈنٹ نوینت کانوت، ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ چیتنا نٹ کے اور دیگر افسران کی رہنمائی میں انجام دی گئی۔

پربھنی عرس... وقف بورڈ کو 2 کروڑ 67 لاکھ روپے کی آمدنی

عقیدت مندوں کی سہولتوں پر زیادہ توجہ دی جائے گی: جنید سید

سی ایس نگر (اورنگ آباد) نمائندہ ہر سال کی طرح اس سال بھی پربھنی کی درگاہ حضرت تراب الحق پر عرس کا انعقاد کیا جائے گا۔ یکم فروری سے 15 فروری 2025 تک جاری رہنے والے عرس کے موقع پر مہاراشٹر اسٹیٹ وقف بورڈ کی جانب سے نمائش، جھولے اور برقی نظام سمیت دیگر انتظامات کے لیے ٹینڈر جاری کیے گئے تھے۔ ان ٹینڈرز کے ذریعے وقف بورڈ کو مجموعی طور پر 2 کروڑ 67 لاکھ 3 ہزار 619 روپے کی آمدنی حاصل ہوئی ہے۔ عرس، جو ہندو مسلم اتحاد اور تمام مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کی علامت سمجھا جاتا ہے، میں پربھنی اور مراٹھواڑہ کے دیگر علاقوں سے لاکھوں عقیدت مند خوشی سے شریک ہوتے ہیں۔ عرس میدان میں نمائش کے لیے دکانوں کے گالے تیار کرنا، دکانوں کے لیے عارضی برقی نظام، ڈیکوریشن، وی آئی پی ٹینٹ لگانا، مختلف دکانوں کو کرائے پر دینا، چھوٹے کاروبار، جھولوں کے لیے پلاٹ فراہم کرنا، ہورڈنگ لگانا، پارکنگ کا انتظام، اور زائرین کے لیے نقشے کے مطابق راستے فراہم کرنا جیسے کام ٹینڈر جیتنے والی تنظیم کے ذمہ ہوں گے۔ اس سال تین ٹینڈرز موصول ہوئے، جن میں سب سے زیادہ بولی لگانے والی تنظیم رچنا الیکٹریکلز کو تمام انتظامات کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ وقف بورڈ کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی زائرین کے لیے مختلف ثقافتی، کھیل کود، صوفی موسیقی، مشاعرہ اور قوالی کے پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ ملک کے معروف قوال اور مشاعرے میں مشہور شاعر اور غزل گو حضرات شرکت کرکے سامعین کو محظوظ کریں گے۔ یہی وجہ ہے کہ تراب الحق عرس کو ایک منفرد اہمیت حاصل ہے۔--- عقیدت مندوں کی سہولتوں میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ سید جنید پربھنی میں حضرت تراب الحق کا عرس گزشتہ سو سال سے جاری ہے۔ مہاراشٹر میں مشہور اس عرس کے موقع پر ملک بھر کے بڑے اور چھوٹے تاجر شریک ہوتے ہیں۔ حضرت تراب الحق کا دیدار کرنے اور جشن میں شامل ہونے والے خواتین، بچوں اور بزرگوں کی سہولتوں میں کوئی کمی نہ ہو، اس کے لیے بورڈ کی جانب سے افسران اور ملازمین کی ایک ٹیم تعینات کی جائے گی۔ چوبیس گھنٹے سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے ہر حرکت پر نظر رکھی جائے گی۔ آخر میں ہندو مسلم اتحاد کی علامت سمجھے جانے والے اس جشن کو کامیاب بنانا ہمارا مقصد ہے۔

وزیر اعلیٰ 20 سے 24 جنوری تک ڈیووس کے دورے پر

ممبئی۔ 17 / جنوری (عزیز اعجاز) وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس 20 / سے 24 / جنوری تک ڈیووس میں ہونے والے ورلڈ اکنامک فورم میں شرکت کریں گے۔ وہ 19 / جنوری کی صبح ممبئی سے روانہ ہوں گے۔ مہاراشٹر غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں سب سے آگے ہے۔ وزیر اعلیٰ کا ڈیووس دورہ مزید سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں اہم ثابت ہوگا۔ فڈنویس سال 2018 / کے بعد وزیر اعلیٰ کے طور پر پہلی بار داوس کا دورہ کریں گے۔ 2014 / اور 2019 / کے درمیان اپنی پہلی میعاد کے دوران فدنویس نے ڈیووس میں عالمی اقتصادی فورم میں تین بار شرکت کی۔ صنعتی ترقی میں مہاراشٹر پانچویں مقام سے پہلے مقام پر آگیا ہے۔ اس مدت کے دوران ریاست نے میگنیٹک مہاراشٹرا کو دو بار منظم کیا۔ اب بھی وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کا شاندار پروگرام ان کے داوس دورے کے دوران جاری رہے گا۔ وہ کئی عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقات کریں گے۔ اس دورے کے دوران وزیر صنعت ادے سامنت کے علاوہ ایم آئی ڈی سی، ایم ایم آر ڈی اے اور سی آئی ڈی سی او کے عہدیداروں کا ایک وفد بھی ان کے ساتھ

شیو بھوجن تھالی اسکیم کے لیے 50 کروڑ کا فنڈ

یہ اسکیم ایم وی اے حکومت نے شروع کی تھی

ممبئی 17 / جنوری (عزیز اعجاز) شیو بھوجن تھالی اسکیم کے لیے، جو سابق وزیر اعلیٰ ادھو ٹھاکرے کی قیادت والی مہا وکاس اگھاڑی حکومت کے دوران غریب اور ضرورت مند لوگوں کو صرف 10 / روپے میں کھانا فراہم کرنے کے لیے شروع کی گئی تھی، مہاوتی حکومت نے اس مدت کے لیے 50 / کروڑ 82 / لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔ دسمبر 2024 تا مارچ 2025-12 لاکھ روپے کا فنڈ دستیاب کرایا گیا ہے۔ اس اسکیم کے لیے فنڈز کی فراہمی سے متعلق معلومات محکمہ خوراک، شہری سپلائیز اور کنزیومر پروٹیکشن کے گورنمنٹ آرڈر (GR) میں دی گئی ہیں۔ مالی سال 2024-25 میں اس اسکیم کے لیے 48.267 کروڑ روپے کے بجٹ کی فراہمی کو منظوری دی گئی ہے۔ اپریل 2024 سے نومبر 2024 کے لیے 78.149 کروڑ روپے کی رقم دستیاب کرائی گئی۔ اب دسمبر 2024 سے مارچ 2025 کے لیے 82.50 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ یہ رقم ڈسٹرکٹ سپلائی آفیسر اور سب کنٹرولر (راشن کی تقسیم) کے دفاتر کے ذریعے تقسیم کی جائے گی۔ حکومتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ یہ سبسڈی صرف اس اسکیم کے لیے خرچ کی جائے۔ اس رقم کو کسی اور مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ جون 2022 میں مہاراشٹرا میں مہاوکاس اگھاڑی حکومت کے گرنے کے بعد جب ایکناتھ شندے کی قیادت میں ریاست میں مہایوتی حکومت بنی تو شیو بھوجن تھالی اسکیم کو روکنے کا مطالبہ کیا گیا، لیکن اس وقت کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اسے روک دیا۔ کہا تھا کہ یہ سکیم بند نہیں ہو گی۔ تاہم اس وقت یہ ضرور کہا گیا تھا کہ پلان پر نظر ثانی کی جائے گی۔

مہاراشٹر ملک کی پہلی ریاست

ہے جس نے AI پالیسی بنائی ہے

ممبئی 17 / جنوری (عزیز اعجاز) مہاراشٹر مصنوعی ذہانت (AI) پالیسی بنانے والی ملک کی پہلی ریاست ہوگی۔ وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی قیادت والی مہاوتی حکومت کے آئندہ 100 / روزہ ایکشن پلان کے ایک حصہ کے طور پر، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ثقافتی امور کے وزیر آشیش شیلار نے مصنوعی ذہانت (AI) پالیسی بنانے کے لیے AI / پالیسی ٹاسک فورس کے قیام کو منظوری دی ہے۔ AI پالیسی 2025 جو وزارت انفارمیشن ٹکنالوجی، حکومت مہاراشٹر کے ذریعہ وضع کی جائے گی ریاست میں مصنوعی ذہانت پر مبنی صنعتوں کی تیز رفتار ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس سلسلے میں اے آئی پالیسی ٹاسک فورس کے قیام سے متعلق حکومتی فیصلے کا بھی اعلان کیا گیا۔ آئی ٹی وزیر شیلار نے کہا کہ ریاست کی AI پالیسی صنعتی ترقی کو فروغ دے گی اور مہاراشٹر کو آنے والے سالوں میں $1 ٹریلین جی ڈی پی حاصل کرنے کے اپنے ہدف کی طرف لے جائے گی۔ AI پالیسی اور منصوبہ تیار کرنے کے لیے ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، ممبئی کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اس کمیٹی میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ، محکمہ خزانہ اور منصوبہ بندی کے محکمہ کے ڈپٹی سیکرٹریز، ایس ای ایم پی چیف، ڈاکٹر وجے پیچ ڈائریکٹر برہمار یسرچ فاؤنڈیشن ممبئی، نارین کچرو ہیڈ اے آئی گوگل انڈیا، روہت کلیم چیف ٹیکنالوجی آفیسر ایچ ڈی ایف سی لائف، بھون لودھا سی ای او اے آئی ڈویژن مہندرا گروپ شامل ہیں۔، وویک ماتھر پارٹنر ڈیلوئٹ، امیت داس سی ای او تھنک 360 اے آئی، راجن ویلوکر اٹلس سکل ٹیک یونیورسٹی، سنیل گپتا بانی کیو این کیو لیبز کو ممبر بنایا گیا ہے۔ ڈائریکٹر کارپوریٹ پلاننگ Mazagon Dock Shipbuilders Limited، آفس آف دی نیشنل سائبر سیکیورٹی کوآرڈینیٹر، پیشنل

सरस्वतीच्या प्रेमाचे, प्रतिक रम्य शुभंकर हे..!
काटे सर पुन्हा एकदा
बीडकरांच्या सेवेत..
काटेज् क्लासेस
नारायणी हॉस्पिटल जवळ, तेंडुलकर कॉलनी, उमाकिरण परिसर, बीड
11 वी मधून 12 वी मध्ये जाणाऱ्या विद्यार्थ्यांसाठी..
CHEMISTRY - NEET /JEE/CET
रेग्यूलर बॅच दि.20 जानेवारी 2025 पासून सुरु...
* क्लासेसची वैशिष्ट्ये *
• क्लासेस चे 44 वे वर्ष • हजारो डॉक्टर्स व इंजिनियर्स घडवण्यात खारीचा वाटा.
• विषय सोपा करून शिकवण्याचे कौशल्य • उपयुक्त नोटस्
• प्रत्येक Topic वरील शेकडो MCQs चा सराव करून घेणार.
• DPP अर्थात Daily Practice Paper मार्फत MCQs चा दररोज सराव.
• Special Doubt Difficulty Session. • वैयक्तिक लक्ष व मार्गदर्शन
• इंटरनेट व CCTV सुविधांसह अभ्यासिका उपलब्ध.
डेमो क्लास करा, निर्णय घ्या व प्रवेश निश्चित करा !
आजच नोंदणी करा
प्रा. बाळकृष्ण प्र. काटे
M.Sc.Chem.
9422203603
क्लासेसचा पत्ता | नारायणी हॉस्पिटल जवळ, तेंडुलकर कॉलनी, उमाकिरण परिसर, पांगरी रोड, बीड
अभ्यासिकेचा पत्ता | DEC अभ्यासिकेची इमारत, बिंदुसरा कॉलनी, राजीव गांधी चौक, बीड

کولیسٹرول سے ٹانگوں کو نقصان پہنچنے کی دس علامات

بہ شکریہ بی بی سی اردو

کولیسٹرول ایک کیمیائی مادہ ہے جو کہ موی چکنائی (ویکس) ہوتی ہے۔ یہ کیمیائی مادہ ۸۰ فیصد ہمارے جگر میں تیار ہوتا ہے اور ۲۰ فیصد غذا سے حاصل ہوتا ہے۔ جب بھی کولیسٹرول کا نام لیا جاتا ہے تو ہمارے ذہن میں یہ خیال آتا ہے کہ یہ ہمارے دل کا دشمن ہے۔ اور دل کے دورے کا باعث بنتا ہے لیکن یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ دل کے دورے کے ساتھ ساتھ یہ ہمارے دیگر اعضاء کو بھی متاثر کرتا ہے جن میں ہمارے پیر بھی شامل ہیں

کولیسٹرول دو طرح کا ہوتا ہے ایل۔ ڈی۔ ایل اور ایچ۔ ڈی۔ ایل۔

ایل۔ ڈی۔ ایل کو برا کولیسٹرول کہا جاتا ہے اگر اس کا لیول بڑھ جائے تو دل کی بیماری ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اس کولیسٹرول کی وجہ سے دل کی شریانوں کی دیواریں موٹی اور سخت ہو جاتی ہیں اور ایک سخت مادہ (کولیسٹرول پلاک) جمع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے شریانیں تنگ ہو جاتی ہیں اور دوران خون میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے لیکن اس کولیسٹرول کے مضر اثرات صرف دل کی شریانوں تک محدود نہیں بلکہ یہ ہماری ٹانگوں کی خون کی شریانوں میں بھی خون کو روکتا ہے جس کے باعث ٹانگوں کی تکالیف پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق امریکہ میں کم سے کم بارہ لاکھ افراد کولیسٹرول کی زیدتی کی وجہ سے ٹانگوں کی تکالیف میں مبتلا ہیں۔ اگر آپ کا کولیسٹرول بھی بڑھ گیا ہے تو آپ کی ٹانگوں کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے لہذا چند علامات پر نظر رکھیں تاکہ فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کیا جا سکے۔

۱۔ ٹانگوں پر سوجن آنا

کولیسٹرول جب دل کی شریانوں کو تنگ کرتا ہے تو پہلی فرصت میں ٹانگوں پر سوجن آجاتی ہے۔ پنڈلیوں اور رانوں پر بھی سوجن آجاتی ہے ہاتھ سے دبانے پر گڑھا معلوم ہوتا ہے۔ اور جب سوجن بڑھ جاتی ہے تو ٹانگوں پر خشکی آجاتی ہے اور جلد حساس ہو جاتی ہے۔

۲۔ رات میں ٹانگوں میں اینٹھن آنا

اکثر نوجوان افراد رات میں پیروں میں اینٹھن آنے کی شکایت کرتے ہیں لیکن جن لوگوں کا کولیسٹرول بڑھ جاتا ہے ان کی پنڈلیوں میں اینٹھن زیادہ ہوتی ہے۔ اور پیر لٹکا کر چونکہ خون کا بہاؤ نیچے کی طرف آتا ہے تو اینٹھن میں کمی آجاتی ہے۔

۳۔ کمزوری محسوس ہونا

صرف کیلشیم کی کمی سے ہی پیروں میں کپکپاہٹ نہیں ہوتی بلکہ کولیسٹرول کی زیدتی کی وجہ سے بھی ٹانگوں میں کمزوری محسوس ہوتی ہے، چلنی پھرنا محال ہو جاتا ہے، کچھ ایسے مریض بھی پائے جاتے ہیں جن کو کولیسٹرول اتنا متاثر کرتا ہے کہ ان کا چلنا پھرنا ختم ہو جاتا ہے یا وہ سہارے سے ہی چلنے کے قابل رہ جاتے ہیں۔

۴۔ زخم کا نہ بھرنا

ذیابطیس کی طرح کولیسٹرول کے مریضوں کے پیروں میں ہونے والے زخم بھی نہیں بھر پاتے لیکن جس طرح ذیابطیس کے مریضوں کے پیروں کے زخم تکلیف نہیں دیتے لیکن کولیسٹرول کے مریضوں کو زخموں میں کافی تکلیف رہتی ہے یہ زخم کبھی سرخ اور کبھی کالے رنگ کے ہوتے ہیں۔

۵۔ پیر ٹھنڈے رہنا

پیر ٹھنڈے رہنا کولیسٹرول بڑھ جانے کی علامت ہو سکتی ہے کولیسٹرول کے مریض چونکہ گرم غذائیں جیسے گوشت، انڈہ اور گھنی نہیں کھا پاتے تو ان کے پیر ٹھنڈے رہنا شروع ہو جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ کولیسٹرول کی عام علامت تو نہیں ہے لیکن وہ افراد جن کے خاندان میں کولیسٹرول، دل کے امراض اور ہائی بلڈ پریشر کا مرض پایا جاتا ہو انھیں پیروں کے ٹھنڈے ہونے پر ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہئے۔

۶۔ ٹانگوں کا درد

کولیسٹرول کی زیادتی سے خون کی رگیں یا تو پھول جاتی ہیں یا سکڑنا شروع ہو جاتی ہیں جس کے باعث پیروں تک خون کی رسائی مشکل ہو جاتی ہے جس کے باعث دو مسائل کا سامنہ کرنا پڑ سکتا ہے یا تو ٹانگوں میں بھاری پن محسوس ہوتا ہے یا پھر جلن کا احساس ہوتا ہے، کولیسٹرول کی زیادتی سے ٹانگ کے کسی بھی حصے میں تکلیف ہو سکتی ہے یا ایک ٹانگ میں بھی مستقل درد رہ سکتا ہے، جب بغیر کسی خاص وجہ کے چلنا پھرنا یا دیر تک کھڑے رہنا مشکل ہو جائے یہ اس بات کی علامت ہو سکتی ہے کہکولیسٹرول آپ کی ٹانگوں کو متاثر کر رہا ہے۔

۷۔ پیروں کے بال کم ہو جانا

جب خون کا بہاؤ اور رسائی ٹانگوں تک مسلسل اور نارمل نہیں ہوتی تو ٹانگوں پر سے بال کم ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور اگر ایک دفعہ بال صاف کئے جائیں تو دوبارہ بال نہیں آتے چونکہ گوشت سخت ہونا بھی کولیسٹرول کی ایک علامت ہے لہذا پیروں پر سوجن آجاتی ہے اور جلد پر چمک آجاتی ہے

۸۔ جلد میں تبدیلی آنا

اگر کولیسٹرول آپ کی ٹانگوں کو متاثر کر رہا ہے تو ٹانگوں کی جلد کی رنگت تبدیل ہو جاتی ہے بعض دفعہ مریض ٹانگوں پر پیلا رنگ آنے کی شکایت کرتے ہیں اور کچھ مریضوں کی ٹانگیں نیلی ہو جاتی ہیں، پیروں کے ناخن سخت اور میلی رنگت کے ہو جاتے ہیں اگر مریض کولیسٹرول کی دوا کھاتے رہیں تو ناخنوں اور جلد کا رنگ نارمل رہتا ہے دوا چھوڑنے پر دوبارہ وہ ہی شکایت پیدا ہوا جاتی ہے۔

۹۔ ٹانگوں کے نشوز کا ختم ہو جانا

بعض دفعہ مریض کولیسٹرول چیک نہیں کراتے اور پیروں کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں جن میں سے ایک نشوز کا ختم ہو جانا ہے۔ نشوز ختم ہونے کے باعث مریض اپاہج بھی ہو سکتا ہے اور جان کو بھی خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

کسی علامت کا ظاہر نہ ہونا

ہمارا جسم مختلف تکالیف کو اگر محسوس کرتا ہے تو یہ بھی قدرت کا تحفہ ہے کیوں کہ درد ہونے پر علاج تو کیا جا سکتا ہے لیکن کچھ مریضوں پر بڑی بیماریاں اچانک حملہ آور ہوتی ہیں اور انھیں سنبھلنے کا موقع نہیں ملتا۔ اسی طرح کولیسٹرول کی زیادتی سے اگر ٹانگوں میں تکالیف کی کوئی بھی علامت ظاہر ہو تو ڈاکٹر سے رجوع کیا جا سکتا ہے لیکن بھی کیسز میں کولیسٹرول کے باعث ٹانگوں کو نقصان پہنچنے کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی۔

کھانسی کے بہترین قدرتی علاج

شہد کا استعمال کریں: شہد گلے کی خراش کا ایک وقتی علاج ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق، یہ کھانسی کو دبانے والی OTC دوائیوں کے مقابلے میں زیادہ مؤثر طریقے سے کھانسی کو دور کر سکتا ہے آپ ہربل چائے یا گرم پانی اور لیموں میں 2 چائے کے چمچ شہد ملا کر گھر پر اپنا علاج بنا سکتے ہیں۔

ادرک کا استعمال کریں: ادرک ایک مقبول روایتی علاج ہے۔ یہ اکثر متلی اور پیٹ کی خرابی کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے، لیکن اس سے کھانسی کو بھی سکون مل سکتا ہے۔ ایک تجربہ گاہ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ ادرک سانس کی نالی کے پٹھوں کو آرام دے سکتی ہے۔ ادرک میں سوزش کے خلاف مرکبات بھی ہوتے ہیں جو گلے میں سوزش اور سوجن کو کم کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو کھانسی ہے تو ادرک کی چائے بہترین انتخاب ہے۔ گرم مائع آپ کے گلے میں جلن، خشکی اور بلغم کو کم کر سکتا ہے۔ ادرک کی چائے بنانے کے لیے، تازہ ادرک کی جڑ کا 1 انچ حصہ کاٹ لیں۔ 1 کپ پانی میں 10 سے 15 منٹ تک ابالیں

سیال پینے۔ کھانسی کو کم کرنے کا ایک بہترین طریقہ کافی مقدار میں سیال پینا ہے۔ سیال پینے سے آپ کے گلے کی خشکی کو دور کرنے میں مدد مل سکتی ہے، جو کھانسی کی ایک عام وجہ ہے۔ یہ بلغم کو پتلا کرنے میں بھی مدد کرتا ہے، جو کھانسی کو کم کر سکتا ہے۔ گرم مائعات جیسے شوربہ یا چائے کھانسی کے لیے بہترین ہیں۔ اگر آپ کولڈ ڈرنک کو ترجیح دیتے ہیں تو غیر کاربونیٹیڈ مشروبات جیسے پانی یا بغیر میٹھی چائے کا انتخاب کریں۔ آئس کیوبز کو چوسنے سے بھی مدد مل سکتی ہے۔

نمکین پانی کے گرارے کریں: گھر پر کھانسی سے نجات کے لیے آپ آدھا چائے کا چمچ ٹیبل سالٹ لے سکتے ہیں اور اسے آٹھ اونس گرم پانی میں ملا کر پی سکتے ہیں۔ پانی کو اپنے گلے کے پچھلے حصے میں چند سیکنڈ تک رہنے دیں۔ گارگل کرتے رہیں اور پھر اسے تھوک دیں۔ یہ آہستہ آہستہ آپ کو 5 منٹ میں کھانسی سے چھٹکارا پانے کے بارے میں واضح جواب دکھائے گا۔

☆☆☆☆☆

جوتے سب سے پہلے کس نے ایجاد کیے؟

بہت سے لوگوں کا ماننا ہے کہ جوتے قدیم رومیوں یا یونانیوں نے ایجاد کیے ہونگے لیکن یہ سچ نہیں۔ اگرچہ رومی اور یونانی مختلف قسم کے جوتے تیار کرنے والے پہلے لوگوں میں شامل تھے لیکن دونوں تہذیبیں جوتے یا سینڈلوں کی موجد نہیں ہیں۔ درحقیقت جوتے ایجاد کرنے کا سہرا کسی کو نہیں دیا جاتا کیونہ یہ ہزاروں سالوں سے موجود ہیں۔ قدیم ترین جوتے چھال سے بنے سینڈلز ہیں جو 8000-7000 قبل مسیح کے ہیں۔ سیج برش (ایک قسم کا پودے (کی چھال والی سینڈل 1938 میں اوریگون کے ایک غار میں دریافت ہوئی، یہ سینڈل سب سے قدیم ہے۔ اسی طرح 2008 میں آرمینیا کے ایک غار میں قدیم جوتا پایا گیا، اس کی تاریخ 3500 قبل مسیح بتائی جاتی ہے۔ آئس مین جوتے؛ یہ جوتے 3300 قبل مسیح کے ہیں اور یہ بھورے ریچھ کی کھال، ہرن کی کھال اور چھال کے تار سے بنائے گئے تھے۔

مصری سینڈل: یہ سینڈل 120,000 قبل مسیح کی ہے اور یہ سینڈل کی ابتدائی مثالوں میں سے ایک ہے۔

ورزش کے ۵/ فوائد

موٹاپا اور پیٹ کی زیادہ چربی بہت سی بیماریوں کی وجہ ہے۔ زیادہ وزن کے مسئلے سے دو چار لوگوں کے پیٹ پر اضافی چربی جمع ہو جاتی ہے۔ اسے کم کرنے میں انہیں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسی صورت حال میں بہت سے لوگ پیٹ کی چربی اور وزن کم کرنے کے لیے ہریشان رہتے ہیں۔ اگر آپ بھی لٹکتے پیٹ، موٹاپے اور گیس کے مسئلے سے پریشان ہیں تو یہ خبر آپ کے لیے ہے۔ دراصل، کلینیکل نیوٹریشنسٹ آر بی نے حال ہی میں ایک انسٹاگرام پوسٹ میں پیٹ کی چربی کو 21 دن میں کم کرنے کے لیے کچھ ٹپس شیئر کی ہیں۔ ماہر غذائیت کا کہنا ہے کہ روزانہ کی پانچ آسان عادتوں سے ہی وزن کم کیا جا سکتا ہے، جانیں کیسے۔

21 دن میں پیٹ کی چربی کیسے کم کی جائے؟

کلینیکل نیوٹریشنسٹ آر بی کے مطابق پیٹ کی چربی کم کرنے کے لیے آپ کو پہلے خود کو ذہنی طور پر تیار کرنا ہوگا۔ کبھی بھی یہ نہ سوچیں کہ وزن کم کرنا ناممکن ہے اور ٹھان لیں کہ آپ کو کسی بھی طرح وزن کم کرنا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں بتایا کہ صرف 21 دن میں اپنے مقصد تک پہنچنے کے کچھ آسان طریقے درج ذیل ہیں۔

کھانے پر کنٹرول: روزانہ کھانے کے بعد 12 سے 14 گھنٹے تک روزہ/ اپواس رکھنے کی کوشش کریں۔ اس سے آپ کے جسم کو توانائی کے لیے ذخیرہ شدہ چربی جلانے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے لیے بہتر ہے کہ آپ ناشتے کے بعد لنچ کھانا چھوڑ دیں۔ بہتر ہوگا کہ بیچ میں صرف پھل کھائیں۔ وہیں رات کا کھانا سات بجے تک کھالیں، اس کے بعد کچھ بھی کھانے سے پرہیز کریں۔۔۔

تین چار گھنٹے بعد کچھ کھانا شروع کریں: آپ جب اپنا کھانا کم کر دیتے ہیں تو آپ کا جسم سست پڑ جاتا ہے۔ اس لیے اگر آپ ناشتے سے لے کر رات کے کھانے تک کچھ نہیں کھائیں گے تو آپ کو بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس لیے دن میں چار بار کچھ نہ کچھ ضرور کھائیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ پھل کا ایک ٹکڑا یا ایک مٹھی بھر خشک میوہ کھا سکتے ہیں۔ اس طرح کھانے سے آپ کا میٹابولزم فعال رہے گا اور بھوک کم ہوگی۔

کس قسم کا کھانا کھانا چاہیے؟

سب سے پہلے آپ کو یہ سمجھنا ہوگا کہ آپ کیا کھا رہے ہیں۔ چربی اور وزن کم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ چکنائی والا کھانا نہ کھائیں۔ کھانا کھاتے وقت پہلے سبزیاں کھائیں، پھر پروٹین، صحت بخش چکنائی اور کاربوہائیڈریٹ سے بھرپور غذا کھائیں۔ کیلوریز کو کنٹرول میں رکھنا ضروری ہے۔ اس خوراک کے ساتھ یہ بھی یقینی بنائیں کہ آپ کے جسم کو ضروری غذائی اجزاء مل رہے ہیں۔

پروسیسرڈ فوڈ سے پرہیز کریں: اپنی خوراک سے میٹھے مشروبات، اور پراسیسڈ فوڈ اور پراسیسڈ نمکین مصنوعات کو نکال پھینکیں۔ یہ وزن کم کرنے کی کوششوں کو بری طرح سے متاثر کر سکتے ہیں۔ ان آپ کی مجموعی صحت کو نقصان پہنچے گا۔ اس لیے آپ کو ان سے بنا کوئی کھانا نہیں کھانا چاہیے۔

پانی پیتے رہیں: وزن کم کرنے کے لیے آپ کو دن بھر کافی مقدار میں پانی پینا چاہیے۔ ہر روز کم از کم 30 منٹ ورزش کرنے کی کوشش کریں۔ اس کے لیے بس دوڑنے اور چلنے جیسا کام کریں۔ ان آسان اقدامات سے اپنا وزن کم کریں۔ آپ کا میٹابولزم جتنا زیادہ فعال ہوگا، اتنا ہی بہتر طریقے سے آپ کا وزن کم ہوگا۔ اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ جسم میں کسی قسم کی سوجن نہ ہو۔ ہاضمے کی صحت بھی برقرار رکھی جائے۔ آپ مجموعی صحت کو برقرار رکھ کر اپنا وزن بھی قابو میں رکھ سکتے ہیں۔

آپ کے وزن کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے

خوراک کے ساتھ ساتھ ورزش آپ کے وزن کو کنٹرول کرنے اور موٹاپے کو روکنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اپنے وزن کو برقرار رکھنے کے لیے، آپ جو کیلوریز کھاتے اور پیتے ہیں وہ آپ کے جلانے والی توانائی کے برابر ہونی چاہیے۔ وزن کم کرنے کے لیے آپ کو کھانے پینے سے زیادہ کیلوریز کا استعمال کرنا چاہیے۔

دل کی بیماریوں کے خطرے کو کم کرتا ہے

ورزش آپ کے دل کو مضبوط کرتی ہے اور آپ کی گردش کو بہتر بناتی ہے۔ خون کے بہاؤ میں اضافہ آپ کے جسم میں آکسیجن کی سطح کو بڑھاتا ہے۔ یہ آپ کے دل کی بیماریوں جیسے ہائی کولیسٹرول، کوروزی شریان کی بیماری، اور ہارٹ اٹیک کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ باقاعدگی سے ورزش آپ کے بلڈ پریشر اور ٹرائگلیسرائڈ کی سطح کو بھی کم کر سکتی ہے۔

آپ کے جسم کے بلڈ ٹ شوگر اور انسولین کی سطح کو منظم کرنے میں مدد کرتا ہے

ورزش آپ کے خون میں شکر کی سطح کو کم کر سکتی ہے اور آپ کے انسولین کو بہتر طریقے سے کام کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔ یہ آپ کے میٹابولک سنڈروم اور ٹائپ 2 ذیابیطس کے خطرے کو کم کر سکتا ہے۔ اور اگر آپ کو پہلے سے ہی ان میں سے ایک بیماری ہے تو ورزش آپ کو اس پر قابو پانے میں مدد دے سکتی ہے۔

تمباکو نوشی چھوڑنے میں آپ کی مدد کرتا ہے

ورزش آپ کی خواہشات اور دستبرداری کی علامات کو کم کر کے سگریٹ نوشی چھوڑنا آسان بنا سکتی ہے۔ یہ اس وزن کو محدود کرنے میں بھی مدد کر سکتا ہے جب آپ سگریٹ نوشی بند کر سکتے ہیں۔

آپ کی ذہنی صحت اور موڈ کو بہتر کرتا ہے

ورزش کے دوران، آپ کا جسم کیمیکل خارج کرتا ہے جو آپ کے موڈ کو بہتر بنا سکتا ہے اور آپ زیادہ پر سکون محسوس کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو تناؤ سے نمٹنے اور ڈپریشن کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

جنسی قوت بڑھانے والی غذائیں

جنسی قوت اور اس کے پس پردہ غذائی عوامل کے بارے میں بھی آگاہی بہت ضروری ہے۔ یہاں چند ایسی غذاؤں کا ذکر کیا جا رہا ہے جو مرد و عورت دونوں میں جنسی جذبے بیدار اور کارگزاری جوان رکھنے کے ساتھ ساتھ عمومی صحت (health and wellness) پر نہ صرف اچھے اثرات ڈالنے کی صلاحیت رکھتی ہیں بلکہ ان کے مسلسل استعمال سے کسی نئی الجھن میں گرفتار ہونے کا اندیشہ نہیں ہوتا۔

1۔ **مولی:** اس کے ذائقے کی تیزی جنسی حلاوت میں بڑھوتری کا باعث بنتی ہے۔ نیز جگر کے افعال کو قابو میں رکھتی ہے۔ تاکہ کولیسٹرول و دیگر کیمیائی مادوں کا اخراج مناسب رہے۔

2۔ **سلاد پتہ:** کولیسٹرول کم کرتا ہے۔ خون کی سپلائی بہتر کرتا ہے۔ عضلات مضبوط کرتا ہے۔

3۔ **پودینہ:** عورتوں میں جنسی جذبہ تیز کرتا ہے۔ مردانہ کمزوری دور کرتا ہے۔

4۔ **سرخ مرچ:** وٹامن سی سے بھرپور ہے۔ گردش خون میں اضافے کا سبب ہے۔ اس کے اندر ایک کیمیکل کیپسائین کی موجودگی جنسی انتشار پیدا کرتی ہے۔

5۔ **کالی مرچ:** جنسی خواہش ابھارتی ہے۔ دودھ پلانے والی ماؤں میں دودھ کی مقدار بڑھاتی ہے۔

6۔ **ادرک و سونٹھ:** یہ غذائی دیا گرا ہے، معمولی سا لینے سے ہی جسم میں گرماہٹ آجاتی ہے۔ لیکن اس کا زیادہ استعمال بلڈ پریشر اور بواسیر پیدا کر سکتا ہے۔

7۔ **پیاز:** پیاز تیس کے قریب خاموں پر مشتمل ہے جو ہاضمہ تیز کرنے کے علاوہ خون پتلا رکھتی ہے۔ جنسی وظیفے میں مددگار ہے۔

8۔ **لہسن:** پیاز جیسی خصوصیات رکھتا ہے۔ کولیسٹرول کم کر کے جنسی ملاپ کی خواہش تیز کرتا ہے۔ خون کے بہاؤ کو بڑھاتا ہے۔

9۔ **الائچی:** اس کے اندر دو ایسے مردانہ ہارمونز بنانے والے کیمیکلز ہیں جو جنسی اختلاط کی خواہش پیدا کرتے ہیں۔ اس میں پایا جانے والا جزو سینیول مرکزی اعصابی نظام کو بیدار رکھتا ہے۔

10۔ **سونف:** اس کا مسلسل استعمال جنسی خواہش بیدار رکھتا ہے۔

11۔ **مچھلی یا السی کا تیل:** اومیگا تھری چکنے تیزاب کی وجہ سے خون پر بری کولیسٹرول کا درجہ کم کرتا ہے۔ لہذا جنسی احساسات پر کہر نہیں جمنے دیتا۔

ورزش اور ایک کیلا

کیلا اس دنیا کے کونے کونے میں ملنے والا عام پھل ہے، اس پھل کا صرف ذائقہ ہی مزیدار نہیں ہوتا بلکہ اس میں بھرپور غذائیت بھی ہوتی ہے۔ عام طور پر ڈاکٹرز بھی بھرپور غذائیت کے لیے لوگوں کو کیلا کھانے کی تجویز کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ دنیا بھر کے باورچی کیلے کا استعمال کرتے ہوئے کئی لذیز پکوان بھی تیار کر لیتے ہیں، چاہے شیک ہو یا پھر کیک، کھیر ہو یا پھر کسٹرڈ، کیلا ان تمام ڈشز میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کیلا صبح ناشتے میں بھی کھانا نہایت مفید ہے۔ لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ افراد جو روزانہ جم جاتے ہیں اور پابندی سے ورزش کرتے ہیں ان کے لیے کیلا ایک ایسا پھل ہے جو سب سے بہتر انتخاب مانا جا سکتا ہے۔ کیلے میں فائبر کی تعداد نہایت زیادہ ہوتی ہے جبکہ کیلوریز اس میں بہت کم مقدار میں پائی جاتی ہیں۔ اگر جم جانے کے بعد ورزش سے قبل یا اس کے بعد کیلے کھایا جائے تو یہ جسم میں وہ توانائی پیدا کرے گا، جس کی اس وقت باڈی کو بے حد ضرورت ہوتی ہے۔ ورزش سے قبل کیلا کھا لینا اس لیے مفید مانا جاتا ہے، تاکہ آپ دورانے ورزش جلدی تھکاوٹ محسوس نہ کریں اور دیر تک ورزش کر سکیں۔ کیلے میں موجود فائبر وزن کم کرنے میں بھی مددگار ہیں۔ رپورٹس کے مطابق جم جا کر ورزش کرنے والے افراد کو روزانہ 4 ہزار 700 ملی گرام پوٹاشیم کی ضرورت ہوتی ہے اور کیلا اس کے لیے بہترین مانا جاتا ہے۔

پُراسرار بلیک ہول عجیب وغریب برتاؤ

ماہرینِ فلکیات کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس سے پہلے ایسی کسی چیز کا مشاہدہ نہیں کیا

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ ایک پُراسرار بلیک ہول نے عجیب انداز میں برتاؤ کرنا شروع کر دیا ہے۔ یہ سپر میسو بلیک ہول روشنی خارج کر رہا ہے اور اس کی رفتار میں تیزی آچکی ہے۔ ماہرین فلکیات کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس سے پہلے ایسی کسی چیز کا مشاہدہ نہیں کیا۔ 1927 1ES +654 نامی اس بلیک ہول کا حجم لاکھوں سورج کے برابر ہے اور یہ ایک ایسی کہکشاں میں ہے جو زمین سے کروڑوں نوری سال کا فاصلہ رکھتی ہے۔ 2018 میں سائنس دانوں نے اس کو ایک گھومتے ہوئے گرم پلازما کے طور پر دیکھا تھا جو اچانک غائب ہو گیا تھا اور کچھ مہینوں بعد پر واپس منظر پر آگیا تھا، جس کی نظیر ماضی میں نہیں ملتی۔ ایم آئی ٹی میں فزکس کی ایسوسی ایٹ پروفیسر اور تحقیق کی شریک مصنفہ این کیرا کا کہنا تھا کہ سائنس دان اس ہی وقت سے اس کا مشاہدہ کر رہے ہیں کیوں کہ یہ بہت خوب صورت تھا۔ بعد میں ہم نے کچھ ایسا دیکھا جو اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا تھا۔

میٹھی سپاری ایک زہرِ قاتل سے کم نہیں

میٹھی، ذائقہ اور خوشبودار، سستی اور انتہائی لت آور۔ جی ہاں! ہم بات کر رہے ہیں میٹھی سپاری کی جو حقیقت میں ایک میٹھا زہر ہے۔ یہ پرکشش نظر آنے والے پیکٹس میں آسانی سے دستیاب ہے۔ خوشبو کے ساتھ میٹھی سپاری بہت سارے بچوں اور بڑوں کے لیے پسندیدہ ماؤتھ فریشنر ہیں۔ لیکن اکثر یہ نہیں جانتے کہ یہ بے ضرر نظر آنے والے ساشے بہت زیادہ نقصان دہ ہیں اور مُنہ اور عمومی صحت کو تباہ کر سکتے ہیں۔ سُپاری میں استعمال ہونے والی چھالیہ عام طور پر انتہائی خراب معیار کی ہوتی ہے، بعض اوقات فنگس اور خورد بینی کیڑوں سے آلودہ ہوتی ہے اور انسانی استعمال کے لیے نامناسب ہوتی ہے۔ لالچی مینوفیکچررز اس سپاری کو پرکشش اور لذیذ بنانے کے لیے مٹھاس اور کھانے کے رنگ شامل کرتے ہیں، اس حقیقت کو بالکل نظر انداز کرتے ہوئے کہ اس سے صارفین کے لیے اضافی صحت کے خطرات پیدا ہو رہے ہیں جس سے وہ موت کے مُنہ میں بھی جا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر صدف احمد نے بتایا کہ میٹھی سپاری میں آرکولین نامی کیمیائی مادہ ہوتا ہے جو مسوڑھوں کی سوزش کا باعث بنتا ہے۔ ابتدا میں، منہ میں السر بنتے ہیں اور ایک بیماری کی طرف بڑھتے ہیں جسے اورل سب میوکوس فبروسس ※ کہتے ہیں جس میں منہ مکمل طور پر نہیں کھل پاتا۔ اس کے نتیجے میں غذائیت کی کمی ہوتی کیونکہ جبڑے کی نقل و حرکت کی خرابی خاص طور پر بچوں میں خوراک کی مقدار کو متاثر کرتی ہے جس سے وہ جسمانی طور پر کمزور اور انفیکشن کا زیادہ شکار ہوتے ہیں۔ بڑوں میں یہ کینسر کا سبب بن سکتا ہے اور اگر بروقت علاج نہ کرایا جائے تو موت یقینی ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں مسالے دار کھانوں کے لیے دانت اور زبان مزید حساس ہو جاتے ہیں اور زبان اور مسوڑھوں میں اکثر جلن کا احساس ہوتا ہے۔

ہگلی کی ایک عدالت نے بچی کے ساتھ عصمت دری کے معاملے میں ملزم کو سزائے موت سنائی

کلکتہ: ہگلی میں ایک پانچ سالہ بچے کی عصمت دری اور قتل کے معاملے میں مجرم کو موت کی سزا سنائی گئی ہے۔ چنچورا پوسکو عدالت کے جج چندر پربھا چکرورتی نے ہفتہ کو یہ فیصلہ سنایا ہے۔ مجرم اشوک سنگھ کو قتل کیس میں موت کی سزا سنائی گئی ہے یہ متاثرہ کا پڑوسی تھا۔ واقعے کے 55 دن بعد چنچورا عدالت نے فیصلہ سنایا ہے۔ عدالتی فیصلے کے بعد متاثرہ لڑکی کی ماں رو پڑی۔ روتے ہوئے اس نے کہا کہ "آج اس لڑکی کی سالگرہ ہے۔ لڑکی اپنی سالگرہ پر کیک کھانا چاہتی تھی۔ مگر میں اب اس کی کسی بھی خواہش کو پورا نہیں کرسکتی ہے۔ وہ اب ہمارے ساتھ نہیں ہے۔ لیکن وہ پولس کی تفتیش اور عدالت میں مقدمے کی کارروائی سے خوش ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے سب کچھ پولیس پر چھوڑ دیا تھا۔ پولیس نے بہت اچھا کام کیا۔ ہم عدالت کے فیصلے پر خوش ہیں۔ بچی گزشتہ 24 نومبر کی شام گھر کے سامنے سے غائب ہوگئی تھی۔ اس کے والد نے اسے کھیلتے دیکھا۔ جب وہ واپس آیا تو بیٹی موجود نہیں تھی اور تلاش شروع کر دی۔ پڑوسیوں سے بھی پوچھ تاچھ کی گئی ہے۔ علاقے کی تلاشی کے دوران پڑوسی اشوک سنگھ کے گھر سے بچے کی لاش برآمد ہوئی۔ اس کے بعد ملزم پرادھ کو مارا پیٹا گیا اور پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ بعد میں پولیس نے پرادھ کو گرفتار کیا گیا ہے۔

الہ آباد کے جسٹس شیکھر یادو مسلمانوں کے متعلق سے اپنے بیان پر قائم

نئی دہلی: الہ آباد ہائی کورٹ کے جسٹس شیکھر کمار یادو نے مسلمانوں کے بارے میں دیے گئے بیان پر سپریم کورٹ میں اپنا جواب داخل کیا ہے۔ جس میں انہوں نے واضح طور پر کہا کہ وہ اپنے بیان پر قائم ہیں۔ ان کے بیان سے عدالتی ضابطہ اخلاق کی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوئی ہے۔ وی ایچ پی کے پروگرام میں مسلمانوں کے بارے میں دیے گئے بیان کی وجہ سے جسٹس شیکھر کو چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی قیادت والی کالیجیم کے سامنے پیش ہونا پڑا۔ ایک ماہ بعد اب انہوں نے خط لکھ کر جواب دیا ہے۔ جسٹس شیکھر یادو نے خط لکھ کر کہا کہ وہ اپنی تقریر پر پوری طرح قائم ہیں۔ ان کا بیان عدالتی طرز عمل کے کسی اصول کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی تقریر کو کچھ خود غرض لوگوں نے توڑ مروڑ کر پیش کیا۔ عدلیہ کے وہ ارکان جو عوامی سطح پر اپنے خیالات کا اظہار نہیں کرسکتے۔ اسے عدالتی برادری کے سینئرز کی جانب سے تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے۔ انگریزی اخبار انڈین ایکسپریس کے مطابق

ذرائع کا کہنا ہے کہ جسٹس شیکھر نے خط میں لکھا ہے کہ ان کی تقریر آئین میں درج اقدار کے مطابق سماجی مسئلے پر خیالات کا اظہار ہے۔ اس کا مقصد کسی خاص کمیونٹی کے خلاف نفرت پھیلانا نہیں تھا۔ انہوں نے اپنے تبصروں پر معذرت نہیں کی اور کہا کہ وہ اپنی بات پر قائم ہیں۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ یہ واقعہ 8 دسمبر کا ہے۔ جب جسٹس شیکھر یادو کو وشو ہندو پریشد کے ایک پروگرام میں مدعو کیا گیا تھا۔ اس پروگرام میں انہوں نے اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے مسلمانوں پر تبصرہ کیا۔ یکساں سول کوڈ پر انہوں نے کہا کہ اسے ہندو بنام مسلم کے طور پر پیش کیا گیا لیکن ہندوؤں نے بہت سی اصلاحات کی ہیں جبکہ مسلمانوں نے نہیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چاہے یہ آپ کا پرسنل لا ہو، ہمارا ہندو قانون ہو یا آپ کا قرآن... ہم نے اپنے طرز عمل میں برائیوں کو دور کیا ہے۔ لیکن آپ (مسلمان) انہیں ختم کیوں نہیں کرتے؟ جسٹس شیکھر نے مزید کہا کہ مجھے یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ ہندوستان اکثریت کے مطابق چلے گا۔ قانون ان کے مطابق چلتا ہے۔ اس دوران انہوں نے یہ بھی کہا کہ بنیاد پرست ملک کے لیے خطرناک ہیں۔ ان کے اس بیان پر کافی تنازعہ ہوا جس کے بعد اس پر سیاست بھی دیکھنے میں آئی۔

ٹرک کی زد میں آکر خاتون ہلاک

چھپرہ: بہار میں سارن ضلع کے گڈکھا تھانہ علاقے میں بے قابو ٹرک کی زد میں آکر ایک خاتون کی موت ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے جمعہ کو یہاں بتایا کہ متوفیہ مجلس پور گاؤں کی رہنے والی تھی۔ لال بہادر رائے کی بیوی رمپتی کنور (60) اپنے گھر سے رفع حاجت کے لیے نکل رہی تھی۔ اسی دوران وہاں سے گزرنے والے ایک بے قابو ٹرک نے اسے ٹکر ماردی۔ جس کی وجہ سے اس کی موت ہوگئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعہ کے بعد ٹرک ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے صدر اسپتال بھیج دیا۔ پولیس نے ٹرک کو قبضے میں لے لیا ہے اور اس کے رجسٹریشن نمبر کی بنیاد پر ایف آئی آر درج کر کے تفتیش کر رہی ہے۔

آر جی کار کیس: متاثرہ کے والد کا بڑا بیان

انصاف کیلئے ہم بھیک نہیں مانگیں گے بلکہ لڑیں گے

کولکاتہ: کولکاتہ کے بدنام زمانہ آر جی کار عصمت دری اور قتل کیس کا فیصلہ سیالدہ عدالت سے ہفتہ کو متوقع ہے۔ اس سے پہلے مقتول کے والد کا بڑا بیان سامنے آیا ہے۔ متاثرہ کے والد کا کہنا تھا کہ وہ انصاف کے حصول کے لیے پانچ سال انتظار کرنے کو تیار ہیں۔ ہم بھیک نہیں مانگیں گے بلکہ لڑیں گے اور ضرورت پڑی تو انصاف چھینیں گے۔ والد نے کہا کہ پانچ ماہ سے کوئی صحیح تفتیش نہیں ہوئی۔ تفتیش صرف پہلے تین دن تک ہوئی اور اس کے بعد کچھ نہیں ہوا۔ ہم نے کبھی سی بی آئی انکوائری کا مطالبہ نہیں کیا لیکن عدالت نے سی بی آئی انکوائری کا حکم دیا۔ گزشتہ سال 9 اگست کو کولکتہ کے آر جی کار میڈیکل کالج اور اسپتال میں 31 سالہ جونیئر ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کر دیا گیا تھا۔ اس واقعے کے بعد ملک بھر میں ہنگامہ آرائی اور مظاہرے ہوئے۔ اس واقعہ پر اگست سے احتجاج کرنے والے جونیئر ڈاکٹروں نے رائے کو زیادہ سے زیادہ سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ لیکن بہت سے لوگوں کا دعویٰ ہے کہ اس حوالے سے ایک سوال ابھی باقی ہے۔ جونیئر ڈاکٹر دیباشیش ہلدار نے کہا کہ ہمارے پاس ڈی این اے اور سنٹرل فرانزک سائنس لیبارٹری (سی ایف ایس ایل) کی رپورٹ سے متعلق سوالات ہوسکتے ہیں۔ مقصد کیا تھا؟ اس میں کون کون ملوث تھے؟ کیا اکیلے جرم کرنا ممکن ہے؟ ثبوتوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کیوں کی گئی؟ کس نے یہ افواہ پھیلانے کی کوشش کی کہ مقتول نے خودکشی کر لی ہے؟ ان سوالات کے جوابات ملنے چاہئیں۔ ہلدار نے کہا کہ سنجے رائے کو سزائے موت دی جانی چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ اس میں ملوث دیگر تمام افراد کو پکڑا جائے، ورنہ انصاف نہیں ہوگا۔ ہم سی بی آئی پر اپنا اعتماد برقرار رکھنا چاہتے تھے لیکن جس طرح انہوں نے ثبوتوں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے کے الزام میں گرفتار افراد کے خلاف چارج شیٹ تیار نہیں کی اس کا جواب سی بی آئی نے نہیں دیا یا تو وہ نااہل ہیں یا اس سب کے پیچھے کوئی بہت طاقتور ہے۔ تاہم، بی جے پی لیڈر اگنی مترا پال نے دعویٰ کیا کہ ملزم سنجے رائے کے علاوہ اس کیس میں طاقتور لوگ ملوث تھے۔ سی بی آئی کے مطابق جس طریقے سے لاش مبینہ طور پر ملی ہے اور جس طریقے سے اسے مبینہ طور پر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا گیا ہے وہ کسی ایک شخص کے لیے ممکن نہیں ہے۔ اس میں اور بھی بہت سے لوگ ملوث ہیں اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ہمیں متابنرجی، سی آئی ڈی اور ریاستی پولیس سے کوئی امید نہیں ہے، سی بی آئی کو اپنا کام کرنا چاہیے۔ ہم ایسے جرم کے لیے سزائے موت چاہتے ہیں، کچھ کم نہیں۔ 31 سالہ جونیئر ڈاکٹر کی لاش آر جی کار ہسپتال کے سیمینار روم سے ملی تھی۔ جرم کے ایک دن بعد، شہری رضا کار سنجے رائے کو گرفتار کیا گیا اور اس پر عصمت دری اور قتل کا الزام لگایا گیا۔ 11 نومبر 2024 کو شروع ہونے والی اس تفتیش کو مکمل ہونے میں 59 دن لگے۔ سی بی آئی نے 13 اگست کو کیس کی تفتیش اپنے ہاتھ میں لے لی اور 4 دسمبر کو ملزمین کے خلاف الزامات عائد کیے گئے۔ اس دوران سی بی آئی نے حلہ پولیس اسٹیشن کے انچارج ابھجیت منڈل اور آر جی کار کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش کو گرفتار کرلیا۔

سول کورٹ ملازمین کی ہڑتال ملتوی

پٹنہ: بہار سول کورٹ ایمپلائز یونین کی کال پر دو دن سے جاری سول کورٹ ملازمین کی قلم بند ہڑتال آج پٹنہ ہائی کورٹ اور عدالت کے درمیان بات چیت کے بعد مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی گئی۔ یونین کی پٹنہ یونٹ کے صدر راجیندر راجیش نے کہا کہ آج پٹنہ ہائی کورٹ کے کارگزار چیف جسٹس اور دیگر ججوں اور ریاستی حکومت کے ماہر ایڈوکیٹ جنرل کی موجودگی میں یونین کے وفد کی ایک میٹنگ ہوئی، جس میں ججز نے یونین کے مطالبات جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ایڈووکیٹ جنرل نے بھی یونین کے مطالبات حکومت کے سامنے رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ جس کے بعد یونین کی جانب سے ہڑتال مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائم مقام چیف جسٹس سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ ہڑتال پر جانے والے ملازمین کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی نہ کریں اور ہڑتال کے دو دن ملازمین کے لیے معمول کی چھٹی کے طور پر قبول کریں۔ قابل ذکر ہے کہ بہار اسٹیٹ سول کورٹ ایمپلائز یونین کی کال پر ریاست کے سول کورٹ ملازمین اپنے چار اہم مطالبات کو لے کر 16 جنوری 2025 سے قلمی ہڑتال پر تھے۔

شاہ نے مدھیہ پردیش میں جلد ہی نئے فوجداری قوانین نافذ کرنے کی ہدایات دیں



نئی دہلی: مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمعہ کو مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو کی موجودگی میں ریاست میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی اور زور دیا کہ ان قوانین کو جلد از جلد مکمل طور پر نافذ کیا جائے۔ میٹنگ میں مدھیہ پردیش میں پولیس، جیل، عدالت، استغاثہ اور فرانزک سے متعلق مختلف نئی دفعات کے نفاذ اور موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ مرکزی داخلہ سکریٹری، مدھیہ پردیش کے چیف سکریٹری اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل، پولیس ریسرچ بیورو کے ڈائریکٹر جنرل، کرائم ریکارڈ بیورو کے ڈائریکٹر جنرل اور مرکزی وزارت داخلہ اور ریاستی حکومت کے کئی سینئر افسران میٹنگ میں موجود تھے۔ مسٹر شاہ نے کہا کہ تین نئے فوجداری قوانین میں ایف آئی آر سے لے کر سپریم کورٹ کو تین سال کے اندر کسی بھی معاملے میں انصاف فراہم کرنے کی دفعات ہیں۔ نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کے سلسلے میں مدھیہ پردیش حکومت کے اب تک کیے گئے کام کی تعریف کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے ریاست میں جلد ہی نئے قوانین کے 100 فیصد نفاذ پر زور دیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردی اور منظم جرائم سے متعلق دفعات کے تحت مقدمہ درج کرنے سے پہلے اعلیٰ پولیس افسران کے ذریعے کیس کا جائزہ لینا چاہیے۔

پی ایس پی سی ایل کا جے ای اور لائن مین رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

جالندھر: پنجاب ویجیلنس بیورو نے پنجاب اسٹیٹ پاور کارپوریشن لمیٹڈ (پی ایس پی سی ایل) کے دفتر بھوگپور، ضلع جالندھر میں تعینات جونیئر انجینئر (جے ای) منجیت سنگھ اور لائن مین ہرجیت سنگھ کو رشوت کی دوسری قسط کے طور پر 5000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ ریاستی ویجیلنس بیورو کے ایک ترجمان نے جمعہ کو بتایا کہ ملزمان کو سدرشن پارک، مقصوداں، جالندھر شہر کے رہنے والے سمیت وادھوا کی شکایت کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شکایت کنندہ نے ویجیلنس بیورو سے رابطہ کیا اور الزام لگایا کہ دونوں ملزمان اس کے گھر پر نصب پرانا میٹر ہٹانے اور بجلی کا نیا میٹر لگانے کے عوض 10,000 روپے کی رشوت مانگ رہے تھے۔ شکایت میں کہا گیا کہ مذکورہ لائن مین پہلے ہی یو پی آئی ادائیگی کے ذریعے پانچ ہزار روپے لے چکا ہے اور بقیہ رقم کے طور پر پانچ ہزار روپے مانگ رہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ شکایت کی ابتدائی تحقیقات کے بعد ویجیلنس بیورو کی ٹیم نے ایک جال بچھایا جس میں مذکورہ لائن مین اور جے ای کو دوسرکاری گواہوں کی موجودگی میں شکایت کنندہ سے رشوت کی دوسری قسط کے طور پر 5000 روپے وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ اس سلسلے میں دونوں ملزمان کے خلاف ویجیلنس بیورو تھانہ جالندھر رینج میں انسداد بدعنوانی ایکٹ کے تحت معاملہ درج کرلیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ریاستی ویجیلنس بیورو کے ایک ترجمان نے جمعہ کو بتایا کہ ملزمان کو سدرشن پارک، مقصوداں، جالندھر شہر کے رہنے والے سمیت وادھوا کی شکایت کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے۔

ماؤنواز نے مخبر ہونے کا بہانہ کرکے گاؤں کے ایک شخص کا کیا قتل

بیجاپور: ایک بار پھر ماؤنوازوں کا مکروہ چہرہ سامنے آیا ہے۔ ماؤنوازوں کے چھوٹے ایکشن گروپ نے ایک دیہاتی کو مار ڈالا۔ ماؤنوازوں نے گاؤں والے پر مخبر ہونے کا الزام لگایا تھا۔ نکسلیوں نے یہ واقعہ میرتور تھانہ علاقہ کے ہلور گاؤں میں انجام دیا۔ جاں بحق دیہاتی کا نام سکھو ہپکا تھا۔ متوفی سکھو ہپکا کی عمر 48 سال تھی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ماؤنوازوں نے گاؤں والے کا گلا دبا کر قتل کیا ہے۔ ماؤنوازوں نے دیہاتی پر الزام لگایا کہ وہ پولیس کا مخبر تھا۔ نکسلیوں نے پہلے سکھو ہپکا کو اس کے گھر سے اغوا کیا اور پھر گلا دبا کر قتل کر دیا۔ قتل کی واردات کے بعد نکسلی موقع سے فرار ہوگئے۔ مہلوک کی لاش کو بعد میں گاؤں والوں نے لاوارث حالت میں پایا۔ پولیس کو جائے وقوعہ سے نکسلیوں کا ایک پمفلٹ بھی ملا ہے۔ نکسلی پمفلٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ متوفی شخص پولیس کا مخبر تھا۔ اس لیے اسے اس کے جرم کی سزا دی گئی ہے۔ وہیں پولیس نے نکسلیوں کی گرفتاری کے لیے علاقے میں گہرا تلاشی آپریشن شروع کیا ہے۔ پولیس کے مطابق بیجاپور سمیت 7 اضلاع میں اب تک 68 دیہاتیوں کو ماؤنوازوں نے قتل کیا ہے۔ سال کے آغاز میں، 8 ڈی آر جی سپاہی ماؤنوازوں کی طرف سے نصب آئی ای ڈی کی زد میں آکر شہید ہوئے تھے۔ ڈی آر جی سپاہی ایک گاڑی میں نکسل مخالف آپریشن سے واپس آرہے تھے۔ ماؤنوازوں نے کٹرو میں یہ بڑا واقعہ انجام دیا۔ جیسے ہی فوجیوں کی گاڑی سڑک کے نیچے نصب آئی ای ڈی کے پاس پہنچی تو زیر زمین نصب بم پھٹ گیا۔ اس سازش کو انجام دینے کے لیے نکسلیوں نے بہت پہلے سڑک کے نیچے بم نصب کر دیا تھا۔ بم دھماکے میں 8 فوجیوں کے ساتھ گاڑی کا ڈرائیور بھی اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ سپاہیوں نے مڈڈ تھانہ علاقہ کے اندراوتی نیشنل پارک علاقے کے بانڈے پارہ کور ایریا میں پانچ نکسلیوں کو ہلاک کیا تھا۔ مارے گئے تمام نکسلی کٹر ماؤنواز تھے۔ مارے گئے ماؤنوازوں میں دو خواتین نکسلائٹس بھی شامل تھیں۔ فوجیوں نے تصادم کی جگہ سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا تھا۔ بیجاپور اور سکما کے سرحدی علاقے میں انکاؤنٹر میں فوجیوں کو بڑی کامیابی ملی تھی۔ فوجیوں نے 12 ماؤنوازوں کو ہلاک کیا تھا۔ سی ایم وشنو دیو سائی نے ایک بار پھر ماؤنوازوں سے ہتھیار ڈالنے کی اپیل کی۔ معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل ہوکر ایک عام انسان کی زندگی گزاریں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ تشدد کے راستے پر چلنے سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ تشدد سے بستر کی ترقی رک جائے گی اور آپ کا اور آپ کے خاندان کا مستقبل بھی تباہ ہوجائے گا۔

۱۹ر جنوری کو ۴۲ر کلومیٹر کی میراتھن دوڑ میں ہندستانی ایتھلیکٹ اپنا جلوہ دکھائیں گے

ممبئی: بین الاقوامی شہرت یافتہ اولمپک چیمپئن اور اینونٹ ایمبیسیڈر سرموفراح ہندستانی فوجی ایتھلیکٹ کے ساتھ جسمیں سرینو بگانا (۷ر بار میراتھن چیمپئن، گوپی ٹی ۷ر بار میراتھن چیمپئن مان سنگھ ۴ر بار چیمپئن نرما بہن ٹھاکر ۵ر بار چیمپئن شیالی سنگھ ۵ر بار چیمپئن سرموفرا ایک سب سے تیز لمبے فاصلے والی دوڑ کے رنر مانے جاتے ہیں جنہوں نے ۴ر اولمپک گولڈ میڈل جیتے ہیں۔ لندن، ریو، بیجنگ، موسکو، شکاگو، سب ریس میں اول مقام حاصل کیا ہے انہیں اسپورٹس کی بیلوس خدمات پر برٹیش حکومت کے اعجاز سے نوازا گیا ہے فرا ایک قابل ایتھلٹ مانے جاتے ہیں جنہوں نے اپنا نام بلند کیا ہے (فوٹو مزمل قور)

وائی سی ایم او یو اسٹڈی سینٹر جی ایم مومن ویمنس کالج کی طالبہ کو مہندی کمپٹیشن میں اول انعام

بھیونڈی (شارف انصاری): - گزشتہ دنوں اردو چینل اور شعبہ اردو ممبئی یونیورسٹی کے زیر اہتمام یونیورسٹی کیمپس میں مہندی کمپٹیشن کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں عروس البلاد ممبئی، بھیونڈی اور دیگر شہروں کی 250 سے زائد طالبات اور خواتین نے حصہ لیا۔ جس میں وائی سی ایم او یو ناسک کے زیر اہتمام جاری جی ایم مومن ویمنس کالج اسٹڈی سینٹر کی بی اے سال دوم کی طالبہ خان الفضا آفتاب نے حصہ لیا اور کمپٹیشن کا اول انعام حاصل کیا۔ طالبہ کی رہنمائی صوفیہ مومن صاحبہ نے کی۔ اس نمایاں کامیابی پر کے ایم ای سوسائٹی کے جملہ عہدیداران وارا کین، پرنسپل ضیاء الرحمن انصاری، وائی سی ایم او یو اسٹڈی سینٹر کی انچارج صفا آغا، کوآرڈینیٹر عبدالعزیز انصاری اور تمام اسٹاف کی جانب سے مبارک باد پیش کی جاتی ہے۔

آسام میں سڑک حادثات میں کمی آئی ہے: ہیمنت بسوا سرما

گوہاٹی: آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما نے جمعہ کو کہا کہ ریاست میں سال کے آخر اور نئے سال کے تہوار کے موسم کے دوران سڑک حادثات میں ہونے والی اموات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے۔ سی ایم سرما نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ 24 دسمبر 2024 سے 15 جنوری 2025 کے درمیان 163 اموات ہوئیں جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے کے دوران 195 اموات ہوئیں۔ یہ 41.16 فیصد کی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ اگرچہ یہ بہتری ہمارے لیے اچھی ہے لیکن 163 جانوں کا ضیاع ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ ہمیں موت کے ہر ایک معاملے کو روکنے اور محفوظ سڑک کے نظام پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ سرما نے کہا کہ سخت قوانین کی وجہ سے گزشتہ سال کے آخری دن صرف 32 سڑک حادثات ہوئے اور انتظامیہ کا مقصد آنے والے دنوں میں سڑک حادثات کو کم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑک حادثات کے حوالے سے سخت قوانین کی وجہ سے آسام میں 31 دسمبر کو صرف 32 حادثات ہوئے، جن میں آٹھ لوگوں کی موت ہوئی، ہم آنے والے دنوں میں ایسے حادثات کو روکنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہم لوگوں سے محتاط رہنے اور احتیاط برتنے کی درخواست کرتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 31 دسمبر کو سڑک حادثات میں 45 افراد زخمی اور 8 افراد ہلاک ہوئے۔ سرما نے حال ہی میں ضلع کمشنروں، پولیس سپرنٹنڈنٹ اور ٹرانسپورٹ اور ایکسائز محکموں کے عہدیداروں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کی۔ کانفرنس میں ریاست میں سڑک حادثات، روڈ سیفٹی قوانین کے نفاذ اور ٹرانسپورٹ اور پولیس محکموں کی طرف سے ایسے واقعات کو کم کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کے دوران، ٹرانسپورٹ اور پولیس محکموں نے گوہاٹی میں نشے میں گاڑی چلانے کے واقعات سمیت مختلف اضلاع میں سڑک حادثات کی وجوہات کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ فٹ اوور برجز اور فلائی اوورز پر مناسب روشنی کو یقینی بنائیں۔ ملاقات میں دیہی سڑکوں پر ہونے والے حادثات کے معاملہ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے چیف سیکرٹری کو ہدایت کی کہ اسکولوں، ہسپتالوں اور تھانوں کے سامنے اسپیڈ بریکرز کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے۔

مودی حکومت روزگار کے نام پر نوجوانوں کو گمراہ کر رہی ہے: کھڑگے



نئی دہلی: کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے مودی حکومت پر روزگار کے اعداد و شمار میں فرضی واڑہ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ جو تصویر پیش کی جارہی ہے وہ جھوٹ ہے اور سچ کو چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ مسٹر کھڑگے نے کہا کہ جھوٹے دعووں، اعداد و شمار کے فرضی واڑے اور گھٹتی ملازمتوں کی حقیقت پر پردہ ڈالنا مودی حکومت کی عادت بن چکی ہے۔ اس سال 82 فیصد نوجوان نوکری کی تلاش میں ہیں، 55 فیصد نے کہا کہ پچھلے سال نوکری تلاش کرنا ہوا مشکل اور 37 فیصد کا کہنا ہے کہ انہوں نے 2025 میں نئی نوکری ملنے کی امید ہی چھوڑ دی ہے۔ ایک الگ سروے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ 69 فیصد انسانی وسائل اے۔ ایچ آر سے وابستہ پیشہ ور افراد کو لگتا ہے کہ کسی کردار کے لیے اہل ہنر کو تلاش کرنا اب زیادہ چیلنجنگ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا، سرکاری اعداد و شمار کے ذریعے کوئی سروے کیے بغیر، پرانے سروے کے تخمینوں کی بنیاد پر، مودی حکومت کروڑوں نوجوانوں کو روزگار پیدا کرنے کے نام پر گمراہ کر رہی ہے۔ بغیر ادائیگی کے مزدور کو نوکریاں بنا کر، 'اون آور ورک پروبیک' کو بھی نوکریوں کی طرح گن کر ملک کو دھوکہ دے رہی ہے۔ مودی سرکار نے نوجوانوں کو مافیا راج کے ذریعہ پیپر لیک، چند نوکریوں کے لئے جھگڈر، نوٹ بندی اور غلط جی ایس ٹی جیسی بری پالیسیوں کے ذریعے ایم ایس ایم ای کو بند کر کے نوکری چھینے، ریزرویشن کا حق ہتھیانے، سرکاری ملازمتوں کے عہدے برسوں تک خالی رکھنے اور سالانہ دو کروڑ نوکری دینے جیسے جھوٹ سے ٹھگا ہے۔

بقیہ: جب پیار کیا تو ڈر کس بات کا.....

میڈیا ہینڈل سوشل میڈیا سیل کے نوڈل آفیسر کے زیر انتظام ہے۔ جو جواب دینے اور ٹوئٹ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ یہ خاص طور پر غلط انفارمیشن کا مقابلہ کرنے اور عوام کے ساتھ درست مواصلات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہے۔ 'ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر نے مزید کہا کہ یہ ٹوئٹ اس متعلقہ ٹوئٹ کا جواب دیتے ہوئے نادانستہ طور پر پوسٹ کر دیا گیا تھا۔ جیسے ہی یہ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر کے نوٹس میں لایا گیا، اس پوسٹ کو فوری طور پر حذف کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر نے کہا کہ اس معاملے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے احتساب کو یقینی بنانے اور اس طرح کے واقعات کو روکنے کے لیے سوشل میڈیا سیل کے نوڈل افسر کو فوری طور پر تبدیل کر دیا گیا ہے۔ افسر نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا سیل کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ دیانتداری اور غیر جانبداری کو برقرار رکھنے کے لیے آئندہ کی سرگرمیوں میں زیادہ احتیاط برتیں اور یہ وضاحت ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر کی غیر جانبداری اور الیکشن کمیشن کی جانب سے دی گئی ہدایات پر عمل پیرا ہونے کے عزم کی تصدیق کے لیے جاری کیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ 70 رکنی دہلی اسمبلی کے لیے ووٹنگ 5 فروری کو ہوگی اور نتائج 8 فروری کو آئیں گے۔

بقیہ: رام مندر کی تعمیر.....

آزادی کی تاریخ کو مسخ کرسکتی ہے؟ یہ بہت خطرناک چیز ہے۔ یوم آزادی کا مطلب 15 اگست 1947 ہے، اور یہ ہمارے فخر کی علامت ہے۔ ایودھیا میں گزشتہ سال 22 جنوری کو رام مندر کا افتتاح ہوا تھا۔ اسی دن رام للا کے پران پرتشٹھا کے موقع پر موہن بھاگوت اور وزیر اعظم نریندر مودی نے مندر میں پوجا کی۔ اس تناظر میں، بھاگوت نے حال ہی میں کہا تھا کہ "حقیقی یوم آزادی" 22 جنوری ہے۔

جموں وکشمیر میں پراسرار بیماری سے دہشت ۱۶ر افراد کی موت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بلائی اعلیٰ سطحی میٹنگ، اہم ہدایات دیں

سری نگر: وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے راجوری ضلع میں 16 لوگوں کی پراسرار موت کے معاملے پر جمعہ کو ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ خیال رہے کہ راجوری کے بدھل گاؤں میں مشتبہ بیماری سے کئی لوگوں کی جان چلی گئی۔ 7 دسمبر 2024 کو بدھل راجوری میں کمیونٹی فوڈ کھانے کے بعد سات افراد پر مشتمل ایک پورا کنبہ بیمار ہوگیا۔ اس کے بعد ان میں سے پانچ کی موت ہوگئی۔ 12 دسمبر 2024 کو 9 افراد پر مشتمل ایک خاندان متاثر ہوا جس میں تین افراد جان کی بازی ہار گئے۔ تیسرا واقعہ 12 جنوری 2025 کو پیش آیا، جس میں دس افراد کا ایک کنبہ شامل تھا جو ایک اور اجتماعی کھانا کھانے کے بعد بیمار ہوگیا، جس میں چھ بچے ہسپتال میں داخل تھے۔ میٹنگ میں وزیر صحت اور طبی تعلیم کے وزیر، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، چیف سکریٹری سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ سکریٹری ڈاکٹر سید عابد شاہ اور دیگر سینئر میڈیکل اور پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران سکریٹری صحت اور میڈیکل ایجوکیشن نے وزیر اعلیٰ کو اب تک کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی ٹیموں نے متاثرہ علاقے میں 3 ہزار سے زائد مکینوں کا گھر گھر جا کر سروے کیا، سکریٹری ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے بتایا کہ انفلوئنزا اور دیگر مہلک بیماریوں کے تمام ٹیسٹ منفی آئے ہیں۔ چیف منسٹر کو بتایا گیا کہ ICMR، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف وائرولوجی، نیشنل سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول، CSIR، DRDO اور PGIMER چنڈی گڑھ سمیت اہم قومی اداروں کے ذریعہ اضافی ٹیسٹ کروائے گئے، لیکن موت کی کوئی خاص وجہ نہیں ملی۔ پولیس حکام نے اجلاس کو بتایا کہ ہلاکتوں کی اصل وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ صورتحال کی سنگینی کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے محکمہ صحت اور پولیس کو اپنی تحقیقات میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ سوگوار کنبے سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے یقین دلایا کہ انتظامیہ صورتحال کو اولین ترجیح دے رہی ہے